


## اقسام برائے سبسڈی

■ فیصل آباد 2008 ■ اجالا 2016 ■ پاکستان 13
■ اناج 2017 ■ فتح جنگ 2017 ■ بارانی 17
■ زنکول 2016 ■ فخر بھکر

- کاشتکاروں کے لئے گندم کی منتخب اقسام کا تصدیق شدہ بیج اور پھپھوندکش زہر کے 100 گرام ساشے پر 1200 روپے فی بیگ (50 کلوگرام) سبسڈی کی بذریعہ واؤچر فراہمی
- منتخب اقسام کے 5 تھیلوں پر ایک کاشتکار کو سبسڈی دی جائے گی
- پنجاب سیڈ کارپوریشن، جالندھر سیڈ کارپوریشن، آباد سیڈ کارپوریشن، پرل سیڈ کارپوریشن نیلم سیڈ کارپوریشن کے ڈیلرز اور زرعی توسیعی مراکز سے بیج کی فراہمی جاری

**نوٹ** رجسٹرڈ کاشتکار سبسڈی حاصل کرنے کیلئے اپنے موبائل پر قومی شناختی کارڈ نمبر سپیس < > واؤچر نمبر لکھ کر 8070 پر ایس ایم ایس کریں۔ غیر رجسٹرڈ کاشتکار نیچے دیے گئے نمبرز پر رجسٹریشن کرائیں۔ "پہلے آئیں۔ پہلے پائیں"

محکمہ زراعت حکومت پنجاب

SPL # T345

ڈائریکٹوریٹ جنرل زراعت (توسیع) 042-9922779 - 99200734 facebook.com/AgriDepartment

عدم تحفظ اور عدم استحکام کی فضا کو پروان چڑھانا ہے ان خیالات کا اظہار رہنما پاکستان پیپلز پارٹی ونکٹ ہولڈر pp132 مہر شکیل الرحمان نے ایک تقریب کے بعد صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔

### جنڈیالہ شیر خان: ڈرائیونگ لائسنس کیلئے امیدواروں کے تحریری، پریکٹیکل ٹیسٹ

جنڈیالہ شیر خان (نمائندہ خصوصی) ڈی ایس پی ٹریفک مقصود احمد لون نے موٹروہیکل ایگزیمنر آفیسر رانا احمد سعید، انچارج لائسنسنگ برانچ محمد ظفر اللہ ولانہ کے ساتھ ڈرائیونگ لائسنس کے امیدواروں کے تحریری و پریکٹیکل ڈرائیونگ ٹیسٹ لئے۔

### فاروق آباد پریس کلب میں رکنیت سازی کا آغاز

فاروق آباد (نمائندہ جہان پاکستان) پریس کلب فاروق آباد (رجسٹرڈ) کی رکنیت سازی کے عمل کا آغاز کردیا گیا ہے۔ اس حوالے سے صدر پریس کلب فاروق آباد کاشف منصور بھٹی نے جنرل سیکرٹری شہزاد افتخار کے ہمراہ ایک پریس کانفرنس میں نئی رکنیت سازی کے لئے قواعد و ضوابط کا اعلان کیا۔ انھوں نے کہا ممبر شپ مہم کا آغاز چار نومبر سے کردیا گیا ہے انھوں نے کہا کہ نئی رکنیت سازی کا مقصد صحافت کے میدان میں داخل ہونے والے نئے صحافیوں کو پریس کلب میں شامل کرنا ہے۔

# کوہ نور سپننگ ملز لمیٹڈ

## اطلاع برائے سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کوہ نور سپننگ ملز لمیٹڈ کا 47واں سالانہ اجلاس عام بروز منگل 27 نومبر 2019 کو بوقت 11:30 بجے صبح E-3،7/1 مین بلیووارڈ، گلبرگ-III، لاہور میں منعقد ہو رہا ہے جس میں مندرجہ ذیل امور طے پائے جائیں گے۔

## عمومی کاروائی:

1۔ 27 نومبر 2018ء کو منعقدہ گزشتہ AGM کی کاروائی کی توثیق کرنا۔
2۔ سال مختتمہ 30 جون 2019 کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ حسابات، ڈائریکٹرز و آڈیٹرز کی رپورٹس کے ساتھ وصول کرنا، غور وخوض کرنا اور اختیار کرنا۔
3۔ 30 جون 2020 کو ختم ہونے والے سال کیلئے آڈیٹرز کا تقرر اور معاوضہ طے کرنا۔
4۔ صاحب صدر کی اجازت سے دیگر عمومی امور۔

لاہور مؤرخہ
05 نومبر 2019ء

حسب الحکم بورڈ
حسن احمد خان (کمپنی سیکرٹری)

**نوٹ:**

شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش ممبران کی شیئر ٹرانسفر بکس 21 نومبر 2019 تا 27 نومبر 2019 (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔

1۔ کوئی بھی ممبر جو اجلاس ہذا میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا اہل حقدار ہے اجلاس میں شریک ہونے اور ووٹ دینے کیلئے اپنا پراکسی مقرر کرسکتا/کرسکتی ہے۔ مکمل پراکسی فارم کمپنی رجسٹرار آفس یا رجسٹرڈ آفس میں اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل موصول ہو جانے چاہئیں۔

2۔ سی ڈی سی کے انفرادی مالک جو اس اجلاس میں شرکت کے اور ووٹ ڈالنے کے اہل ہیں اپنی شناخت کیلئے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ، اکاؤنٹ اور شراکتی شناختی کارڈ ساتھ لائیں اور پراکسی کی صورت میں اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقل منسلک کریں۔ کارپوریٹ ممبران کو اس مقصد کیلئے معمول کے مطابق دستاویزات پیش کرنی ہوں گی۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ/سب اکاؤنٹ ہولڈرز کو سکیورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے 26 جنوری 2000 کو جاری کردہ ہدایات کی مزید پیروی کرنا ہوگی۔

3۔ 20 نومبر 2019ء تک کاروباری وقت میں موصول ہونے والے ٹرانسفر کو مقررہ وقت میں کیا جائے گا۔ کمپنی کے سالانہ گوشواروں کے اندراج کے لیے پتوں میں تبدیلی یا موجودہ ہونے کی صورت میں اپنی کارآمد CNIC کی کاپی کے ہمراہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کارپ لنک پرائیویٹ لمیٹڈ، ونگ آرکیڈ، ماڈل ٹاؤن لاہور۔ فون نمبر: 042-35839182 کو ارسال کریں۔

4۔ SRO787(1)/2014SECP کی پیروی میں ممبران کو آڈٹ شدہ مالی حسابات بمعہ سالانہ اجلاس عام کے نوٹس الیکٹرونکلی بذریعہ ای میل وصول کرنے کا اختیار دیا ہے۔ لہٰذا ممبران (فزیکل یا CDC شیئر ہولڈرز) جو دلچسپی رکھتے ہوں اپنے ای میل ایڈریس اور الیکٹرونکلی ٹرانسمشن کی رضامندی کمپنی کے شیئر رجسٹرار یا براہ راست اپنے بروکر (حصہ دار)/CDC انوسٹر اکاؤنٹ سروسز کو ارسال کریں۔

5۔ 30 جون 2019ء مختتمہ مالی سال کے آڈٹ شدہ مالی حسابات بمعہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز رپورٹ کمپنی کی ویب سائٹ http://www.kohinoorspinningmills.com پر دستیاب ہیں۔